© rasailojaraid.com



# نظرات

سعید احمد اکبر آبادی

بڑی مسرت کی بات ہے کہ مولانا سید ابوالحسن علی ندوی اور پروفیسر مختار الدین احمد صدر شعبہ عربی علی گڈھ مسلم یونیورسٹی حکومت اردن کی عربی اکاڈمی (مجمع اللغۃ العربیہ) کے ممبر منتخب کئے گئے ہیں مولانا عربی زبان کے کثیر التصانیف بلند پایہ ادیب و انشاء پرداز ہیں اور پروفیسر صاحب علامہ میمن عبدالعزیز (علی گڈھ) اور پروفیسر ہملٹن گب (آکسفورڈ) کے تلمیذ رشید ہیں متعدد نوادر مخطوطات کا کھوج لگاکر اپنی اعلیٰ تحقیق و تعلیق کے ساتھ شائع کر چکے ہیں اور متعدد اہم مخطوطات کو اپنی نگرانی میں اڈٹ کرا کے کتنے ہی اسکالرس کو پی، ایچ، ڈی، کی ڈگری دلوا چکے ہیں۔ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کی عربک اکاڈمی (المجمع العلمی الہندی) کے موسس اور اس کے بلند پایہ ششماہی مجلہ کے ایڈیٹر ہیں۔ اس بنا پر کوئی شبہ نہیں کہ یہ دونوں حضرات اس علمی اعزاز کے بہمہ وجوہ مستحق تھے، ہم اس پر صدق دل سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

---

پچھلے دنوں بعض اہم علمی سفر پیش آئے اس کی روئداد قارئین برہان کے لیے حسب معمول دلچسپی اور معلومات میں اضافہ کا باعث ہوگی

© rasailojaraid.com